# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ رجب سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء | جلد ۳۵

فہرست مضامین



| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | اضافہ مع عہدہ عبدالقادر خان - | ۱ |
| ۲ | رخصت ابرار حسین صاحب معاون منصرم پیادی خاصہ - | ۲ |
| ۳ | فیروز خان بہادر محمد علی خان صاحب عہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس یا سپرنٹنڈنٹ سابق عہدہ جیلری | " |
| ۴ | اضافہ نائب ڈپٹی کار رقیم - | " |
| ۵ | رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم - | " |
| ۶ | معاوضہ اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم مقدمات کچہری و سکوات بنام صاحب | " |
| ۷ | نقشہ رخصت اجلاس | ضمیمہ |



### ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

### اضافہ مع عہدہ

۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - عبدالقادر خان مجلیا پندرہ روپیہ ماہوار سے دس روپیہ ماہوار اضافہ فرماکر نائب منصرم اصطبل مقرر فرمائے گئے -

---

## رخصت

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - رخصت رعایتی یکمفتہ سید ابرار حسین صاحب افسر کارخانجات و رخصت بیش یوم سید انوار حسین معاون منصرم بیماری خاصہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور فرمائی گئی -

---

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

بنظر مناسب - خان بہادر محمد باقر علی خان آئی - او - ایم کا تقرر بمشاہرہ چار سو روپیہ ماہوار بعہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس منظور کیا جاتا ہے - کل ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء کو وہ عہدہ مذکور کا چارج لے لیں -

۲ - منشی محمد نبی خان جو اسوقت سپرنٹنڈنٹ پولیس ہین - جیلر مقرر کئے جاتے ہین بحیثیت جیلر انکو ایکسو پچہتر روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی -

۳ - محمد برکت اللہ خان موجودہ جیلر رخصت پر ہین - جب وہ رخصت سے واپس آئینگے تو اُنکے متعلق تجویز مناسب عمل مین آئیگی -

حکم ہوا کہ

آج ہی حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

---

## روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

موجودہ انتظام سررشتہ تعلیم کا عارضی ہے - اخلاق حسن خان نائب پیشکار اپنا کام بکوشش و محنت اچھی طرح سے انجام دیتا ہے - لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

اخلاق حسن خان مذکور باضافہ تین روپیہ ماہوار بہ تنخواہ موجودہ مستقل کیا جاے آئندہ وہ بحیثیت نائب پیشکار مستقل مبلغ پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ پایا کریگا - احکام ضابطہ جاری ہون -

---

## ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم - مزید رخصت آٹھ یوم صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء تک منظور کی گئی -

---

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۷ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

چونکہ فی الحال ناظم صاحب سپرنٹنڈنٹی آبکاری کا عارضی طور پر کام کر رہے ہین لہذا صاحب موصوف کو عارضی طور پر اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم مقدمات آبکاری و مسکرات کے دیئے جاتے ہین تاکہ کار سرکار مین سہولت رہے - بنابران مقدمات مذکورہ بابت آبکاری و مسکرات صیغہ مجسٹریٹی صاحب موصوف کے اجلاس مین جبتک کہ کام سپرنٹنڈنٹی آبکاری کا انجام دین گے سماعت ہوا کرینگے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ مارچ لغایت ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | | [illegible] | | ۷ ۰ ار | [illegible] | ۷ ار | دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا |
| نخود خالص | | ۹ ار | | [illegible] | ۸ ۰ ار | ۸ ار | |
| نخود کرآمیز | | ۱۰ ار | | [illegible] | ۹ ار | ۹ ۰ ار | |
| گیہت | | ۱۰ ار | | ۱۰ ار | ۹ ۰ ار | ۹ ۰ ۱ | |
| ماش | | ۸ ۰ ار | | ۸ ار | [illegible] | ۸ ار | |
| مونگ | | ۰ | | ۸ ار | ۷ ار | [illegible] | |
| مکا | | ۰ | | [illegible] | ۸ ۰ ار | ۹ ار | |
| جئی | | ۱۲ ار | | [illegible] | ۰ | ۱۱ ار | |
| گوجئی | | ۰ | | ۸ ار | ۰ | ۹ ار | |
| مسور | | ۰ | | ۸ ار | ۸ ار | ۲ ار | |
| ارہر | | ۰ | | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۲ | |
| برنج | | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | ۵ ار | |
| روغن زرد | | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| روغن سیاہ | | ۱ ۰ ار | | [illegible] | [illegible] | ۱ ار | |
| روغن کنجد | | ا ر ار | | [illegible] | ۱ ار | [illegible] | |
| نمک سانبھر | | ۱۰ ار | | ۱۱ ار | ۱۰ ار | ۱۱ ار | |
| نمک لاہوری | | ۶ ار | | [illegible] | ۰ | [illegible] | |
| قند سیاہ | | ۵ ار | | ۵ ار | ۶ ار | ۵ ار | |
| باجرہ | | ۰ | | ۰ | ۰ | ۹ ار | |

مطبوعہ مطبع سرکاری ریاست رامپور